03/07/2025
12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شبیر الزمان** سے خبریں سُنئے

**وزیر اعظم**

کے پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والے ہیں ۔ وہ وہاں Ghana وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر بعد ساتھ ہی بھارتی برادری کے افراد سے بھی ملاقات کریں گے ۔اس سے قبل وزیر اعظم مودی نے کے ساتھ وفدی سطح کی بات چیت کی جس دوران John Dramini Mahama کے صدر Ghana طرفین نے آپسی شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے سے اتفاق کیا ۔ واضح رہے کہ وزیر میں موجود ہیں ۔ Ghana اعظم پانچ ملکوں کے دورے کے پہلے مرحلے میں آج

**یاترا**

کشمیر وادی میں آج سے سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کا باضابطہ آغاز ہو گیا اور اس وقت ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے یاتری پوتر گھپا میں شو لنگم کے درشن کرنے میں محو ہیں۔ جو یاتری کل وادی پہنچ گئے تھے انہیں آج بالتل اور پہلگام کے بیس کیمپوں سے پوتر گھپا کی طرف روانہ کیا گیا ۔اننت ناگ سے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ نن ون کے بنیادی کیمپ سے آج علی الصبح زائد از تین ہزار یاتریوں کو چندن واڑی کی طرف روانہ کیا گیا ۔

**بال تل**

اُدھر گاندربل کے بال تل بنیادی کیمپ سے بھی صبح سویرے سے ہی قریب 9 ہزار 127 یاتریوں کو پوتر گھپا کی طرف روانہ کیا گیا ۔ ہمارے گاندربل کے نمائندے صابر ایوب نے خبر دی ہے کہ سونہ مرگ میں یاتریوں کی موجودگی سے زبردست چہل پہل ہے اور یاتری اپنی مذہبی یاترا کو لے کر نہایت پُر جوش نظر آ رہے ہیں ۔ آکاشوانی سرینگر سے بات کرتے ہوئے کئی یاتریوں نے اپنے جذبات کا یوں اظہار کیا ۔

**جموں یاترا**

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج یاتریوں کا دوسرا جتھہ بھی وادی کی طرف روانہ ہو گیا ہے ۔ دوسرے قافلے میں پانچ ہزار 246 شردھالو شامل ہیں ۔ یہ یاتری 238 گاڑیوں کے کاروان میں اس وقت محوِ سفر ہے، جن کے لئے سلامتی کے معقول بندوبست کئے گئے ہیں ۔

**محرم**

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی ساتویں تاریخ ہے ۔ ایام محرم کے چلتے ان دنوں نواسہ رسول ﷺحضرت امام حسین ؓ اور ان کے اہل بیت کرامؑ کو خرج تحسین ادا کرنے کی غرض سے مختلف مقامات پر عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔

**شیو راج سنگھ چوہان**

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان آج جمونو کشمیر کے 2روزہ دورے پر سرینگر پہنچ رہے ہیں۔ وہ آج سول سیکریٹریٹ میں زراعت اور دیہی ترقی کے محکموں کے افسرونکی مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کرنے کے علاوہ //کل یعنی 4جولائی کو شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی سرینگر کے چھٹے کنووکیشن میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔

**ایل جی ملاقات**

لیفٹنٹ گورنر سے کل کئی اہم شخصیات نے ملاقات کر کے ان کے ساتھ اپنے اپنے شعبوں کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

لیفٹنٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کرنے والوں میں بی جے پی کے ضلع صدر سرینگر ایڈوکیٹ شیخ سلمان // چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری جموں کے صدر ارُن گپتا کی قیادت میں ایک وفدشامل ہے ۔

**DIG**

DIG مقصود الزمان اور سی آر پی ایف کے شمالی کشمیر کے DIG پولیس کے شمالی کشمیر کے رگھو وَنش کمار نے مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں سکیورٹی اقدامات کو مستحکم کرنے کی غرض سے ایک مشترکہ میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاحتی سیزن کے جوبن پر ہوتے ہوئے سلامتی کے انتظامات کا جائزہ لیا جانا ضروری ہے ۔

**ہیلپ لائن**

ایک اہم اقدام کے تحت اننت ناگ ، بڈگام ، بارہمولہ اور سوپور پولیس نے ملی ٹنسی سے متاثرہ کنبوں اور ہیلپ لائنیں قائم کی ہیں ۔ متعلقہ افراد یا کنبے پولیس Grievance Cells کی ضروری مدد کے لئے کے ساتھ اِن وسائل کی بدولت رابطہ قائم کر سکتے ہیں ۔

**ACB**

اینٹی کورپشن بیورو نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ رشوت طلب کرنے کے کسی بھی معاملے کو کے ساتھ ٹول فری نمبر 1800-180-7152 پر ACB کے نزدیکی دفتر کی نوٹس میں لائے۔ ACB رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے ۔

کا کہنا ہے کہ وہ سَتَرک ناگرِک نامی موبائل ایپلیکشن پر بھی اپنی شکایا ت درج کر سکتے ہیں ۔ ACB

**ہندواڑہ پولیس**

ہندواڑہ پولیس نے جامع قاسم دار العلوم بڈکوٹ میں فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق جانکاری پروگرام منعقد کیا ۔ اس موقعہ پر ایڈیشنل ایس پی ہندواڑہ فیاض احمد شاہ بھی موجود تھے جنہوں نے پروگرام میں شامل افراد کو ان قوانین کی نسبت سے ضروری جانکاری دی ۔

-

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ